ALHAMD SHARIAH ADVISORY SERVICES
(PVT) LIMITED
Alhamd
Shariah Advisory Services
Private Limited

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

(شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کو زکوٰۃ وعطیات دینے کا شرعی حکم)

تعارف:

شاہد آفریدی فاؤنڈیشن ایک رفاہی ادارہ ہے، جو زکوٰۃ وعطیات کی رقوم واشیاء سے ضرورت مند افراد کو زندگی کی بنیادی ضروریات، معیاری تعلیم، صحت، علاج ومعالجہ اور پانی وغیرہ کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

زکوٰۃ وعطیات خرچ کرنے کا طریقہ کار:

ادارہ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کی مالی ضروریات اور خدمات زکوٰۃ اور عطیات کی رقم سے پوری کی جاتی ہیں، جس کا طریقہ کار یہ ہے کہ ادارہ میں آنے والے مستحق افراد سے ادارہ کے نمائندے باقاعدہ جائزہ فارم کے ذریعے اس کی مالی حیثیت معلوم کرتے ہیں، اگر وہ مستحق زکوٰۃ ہو تو باقاعدہ تحریری طور پر وکالت نامہ کے ذریعے اس مستحق سے ادارہ کے لئے زکوٰۃ وصول کرنے اور اسے شرعی طریقہ کار کے مطابق شاہد آفریدی فاؤنڈیشن میں مستحق زکوٰۃ افراد کے علاج ومعالجہ، تعلیم اور دیگر ضروریات میں ہونے والے اخراجات میں خرچ کرنے کی اجازت لی جاتی ہے، اور اسی وکالت کے طریقہ کار کے مطابق ادارہ کو حاصل ہونے والی زکوٰۃ کو طے شدہ مدات میں انتہائی احتیاط سے خرچ کیا جاتا ہے۔

شرعی حکم:

شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کے زکوٰۃ وصول کرنے اور خرچ کرنے کے معاملات الحمدللہ شریعہ ایڈوائزر حضرات کی زیرِ نگرانی انجام پاتے ہیں، شریعہ ایڈوائزر حضرات ادارہ کے امور کا غیر جانبدار جائزہ لیتے ہیں، اور ان کی منظوری کے بعد ہی ادارہ زکوٰۃ کی رقم استعمال کر سکتا ہے چنانچہ ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ادارہ کے زکوٰۃ وصول کرنے اور خرچ کرنے کا طریقہ کار اور معاملات شریعت کے مطابق ہیں، اور تاحال معاملات شرعی اصولوں کے مطابق انجام دیئے جارہے ہیں، لہٰذا جو لوگ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کو زکوٰۃ دیں گے ان کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کی انتظامیہ کو بہترین بدلہ عطاء فرمائیں اور ان کی خدمات کو قبول فرمائیں۔ آمین۔

مفتی عبدالمنان
شریعہ ایڈوائزر شاہد آفریدی فاؤنڈیشن

Alhamd Shariah Advisory Services (Pvt) Ltd

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر شاہد آفریدی فاؤنڈیشن

Note: This certificate is issued for "**Shahid Afridi foundation**" and Applications and valid till 30th June 2022

Email: info@alhamdshariahadvisory.com
Website: www.alhamdshariahadvisory.cm
Phone: +92 322 2671867